ما ئیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

# ناروے

## قواعد برائے ویزا

جون 2019ء

The project is funded by the European Union

Implemented by
ICMPD
International Centre for Migration Policy Development

Under the Auspices of

# ناروے

50لاکھ سے زائد آبادی والا ملک ناروے تین سکینڈے نیویائی ممالک میں سے ایک ہے۔اِسے رہنے کے لیے دنیا کے بہترین ممالک میں شمار کیا جاتا ہے۔یہ جرائم کی شرح کے اعتبار سے بہت کم شرح والے ممالک میں شمار ہوتا ہے۔

حالیہ برسوں میں اقوام متحدہ کی ہیومن ڈویلپمنٹ رپورٹ میں کئی مرتبہ ناروے کو رہائش کے لیے بہتر ملک قرار دیا گیا ہے۔اِس سالانہ درجہ بندی کی بنیاد بہت حد تک تعلیم اور آمدنی کی اوسط سطحوں اور متوقع عمر پر ہے، لیکن انسانی حقوق اور ثقافتی آزادی جیسے عوامل کو بھی پیش نظر رکھا جاتا ہے۔ناروے اپنی شرحِ خواندگی، تعلیمی سطح اور مادی دولت کی وجہ سے بلند درجے پر فائز ہے۔اِس کے علاوہ ناروے میں ویلفیئر سسٹمز دنیا بھر میں بہترین ہیں جن میں یقینی بنایا جاتا ہے کہ بے روزگار یا کام نہ کر سکنے والے افراد کو مدد دی جاتی ہے تاکہ وہ باوقار زندگی گزار سکیں۔ناروے ایسے ممالک میں سے بھی ایک ہے جہاں جرائم کی شرح کم ترین ہے۔

ناروے شمالی یورپ میں واقع ایک لمبوترا ملک ہے۔اس کی سرحدیں مشرق میں سویڈن، فن لینڈ اور روس کے ساتھ لگتی ہیں، اور مغرب میں شمالی اٹلانٹک کی طرف ایک وسیع ساحل ہے۔یہاں آب وہوا مرطوب اور معتدل ہے، بہ نسبت شمال کے جہاں سردیاں زیادہ شدید اور طویل ہوتی ہیں۔

ناروے کے مرکزی شہر ساحل کے ساتھ ساتھ واقع ہیں: دارالحکومت اوسلو ملک کا سب سے بڑا شہر ہے اور اِس کی آبادی 620000 ہے۔ دیگر بڑے شہر Bergen اور Stavanger مغربی ناروے میں، Trondheim وسط میں اور Tromsø شمال میں ہیں۔

ناروے کی آبادی 52لاکھ ہے۔تقریباً 32فیصد لوگ اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں۔سویڈن اور ڈنمارک کی طرح ناروے بھی ایک کثیر ثقافتی ملک بن گیا ہے۔آج اوسلو کی 33 فیصد آبادی تارکین وطن یا ان کی نارویجین اولاد پر مشتمل ہے۔بحیثیت مجموعی ملک میں 16 فیصد سے کچھ زائد لوگ تارکین وطن یا تارکین وطن کی اولاد ہیں۔

# اسلام آباد میں ناروے کا سفارت خانہ

ناروے اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ سفارتی تعلقات اچھے ہیں۔

ناروے نے 1947ء میں قیام کے فوراً بعد پاکستان کو ایک خود مختار ریاست تسلیم کیا تھا۔ کئی سال تک ناروے کا پاکستان میں ایک اعزازی قونصلیٹ جنرل ہی تھا (کراچی میں)۔ تاہم، 1976ء میں اسلام آباد میں ایک سفارت خانہ قائم کیا گیا جس کا سربراہ ایک قائمقام سفیر (chargé d'affaires) تھا۔

اسلام آباد میں ناروے کے پہلے باقاعدہ سفیر جناب Jan Erik Leikvang 1995ء میں آئے۔ آج اسلام آباد میں سفارت خانے کے علاوہ کراچی اور لاہور میں ناروے کے اعزازی قونصلیٹ بھی ہیں۔

ناروے اور پاکستان میں عوام کی سطح پر قریبی تعلقات ہیں۔ پاکستان سے ناروے میں امیگریشن کا آغاز 1960ء کی دہائی میں ہوا۔ تاہم، 1975ء کے بعد سے زیادہ تر امیگریشن کی اجازت خاندان سے ملنے یا خاندان بسانے کی بنیادوں پر دی گئی۔ آج ناروے میں تقریباً چالیس ہزار لوگ ایسے ہیں جو یا تو پاکستان میں پیدا ہوئے یا جن کے والدین پاکستان میں پیدا ہوئے۔

ناروے میں رہنے والے زیادہ تر پاکستانی کھاریاں اور ضلع گجرات کے دیگر حصوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ نارویجین معاشرے میں بخوبی رچ بس چکے ہیں۔ مثلاً اُن کی تعلیمی سطح اور گھر کی ملکیت نارویجین اوسط کے قریب یا اُس سے زیادہ ہے۔ یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ دوسری نسل کی بہت سی نارویجین پاکستانی عورتیں اعلیٰ تعلیم حاصل کرتی ہیں۔ متعدد نے نارویجین سیاسی اور پروفیشنل زندگی میں نمایاں کارکردگی دکھائی ہے۔

**پتہ:**

7th فلور سنٹر، سرینا بزنس کمپلیکس

خیابان سہروردی،

G-5/1، اسلام آباد، پاکستان۔

**ٹیلی فون:** +92 (0) 51 849 7700

**ای میل:** emb.islamabad@mfa.no

سفارت خانہ سوموار تا جمعرات **صبح 8:00 بجے تا شام 4:00 بجے** تک کھلا رہتا ہے۔

جمعے کے دن اوقات **صبح 8:00 بجے تا دوپہر 1:00 بجے** ہیں۔

## وزیٹر ویزا

وزیٹر ویزا آپ کو ناروے یا Schengen خطے کے دیگر ممالک میں 180 دن کے عرصے میں 90 دن تک قیام کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

پاکستان اور افغانستان کے شہریوں کو ناروے جانے کے لیے وزیٹر ویزا لینا ضروری ہے۔ سرکاری یا سفارتی پاسپورٹ کے حامل پاکستانی شہریوں کو ناروے کا سفر کرتے وقت ویزا لینے کی ضرورت نہیں۔ ابو ظہبی کا نارویجین سفارت خانہ پاکستان سے دی جانے والی درخواستیں نمٹانے کا ذمہ دار ہے۔

### 1- وزیٹر ویزا کی درخواست دینے سے پہلے

- آپ کو اپنے سفر کی تاریخ سے کم از کم 15 دن پہلے اپلائی کرنا چاہیے۔ آپ مجوزہ روانگی سے تین ماہ پہلے اپنی درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔
- ہمارا مشورہ ہے کہ ویزا مل جانے تک اپنا ٹکٹ نہ خریدیں۔
- مطلوبہ دستاویزات جمع کروانے سے قبل آپ کو آن لائن درخواست رجسٹر کروانا ہو گی۔ جب آپ اپنے دستاویزات دینے آئیں تو فنگر پرنٹس دینے کا کہا جائے گا۔
- آپ سے اضافی دستاویزات فراہم کرنے یا انٹرویو کے لیے آنے کا بھی کہا جا سکتا ہے۔

پاکستان سے ویزا اپلائی کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ پاکستان یا افغانستان کے شہری ہوں یا قانونی طور پر یہاں رہتے ہوں۔

پاکستان میں ویزا کے درخواست گزار اپنی درخواستیں ویزا سنٹرز کے ذریعے جمع کرواتے ہیں جو ایک بیرونی کمپنی VFS گلوبل چلاتی ہے۔ براہِ مہربانی یاد رکھیں کہ اپنی ویزا درخواست جمع کروانے کے لیے اپائنٹمنٹ میں 15 دن تک لگ سکتے ہیں۔

VFS گلوبل آپ کی ویزا درخواست کوریئر کے ذریعے ابو ظہبی میں نارویجین سفارت خانے کو بھیجے گا جو مزید کارروائی کا ذمہ دار ہے۔

## 2- ضروری دستاویزات جمع کریں

- چیک لسٹ آپ کو جائزہ لینے میں مدد دیتی ہے کہ آپ کو اپنی درخواست کا عمل شروع کرنے کے لیے کون کونسے دستاویزات پاس رکھنے کی ضرورت ہے۔
- اگر آپ چاہتے ہیں کہ کوئی اور شخص آپ کا نمائندہ بن کر درخواست پیش کرے تو اُسے مختار نامہ دینا ہو گا۔ براہِ مہربانی UDI ویب سائیٹ پر جاکر مزید معلومات اور متعلقہ فارم Power of Attorney حاصل کریں۔
- درخواست گزاروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے سفر کے مقصد کی بنیاد پر درکار دستاویزات فراہم کرین۔ براہِ مہربانی یادرکھیں کہ اگر آپ نے تمام دستاویزات فراہم نہ کیے تو آپ کی درخواست مسترد کی جاسکتی ہے۔
- درخواست گزار کو تمام دستاویزات واضح، پڑھے جانے کے قابل A4 کاغذ پر فراہم کرنا ہوں گے۔ سٹیپلز، پنزیا گوند والے دستاویزات قابلِ قبول نہیں۔ اگر آپ کے دستاویزات میں سے کوئی بھی A4 سائز کے کاغذ پر نہیں ہیں تو براہِ مہربانی دستاویز کی کاپی اس سائز کے کاغذ پر دیں۔
- اگر آپ کے دستاویزات اصل ہیں (جیسے نکاح نامہ، پیدائشی سرٹیفکیٹ وغیرہ) تو اصل کے علاوہ A4 سائز میں ایک کاپی بھی مہیا کرنا ہو گی۔
- اپنی درخواست کے ساتھ جو دستاویزات فراہم کرنا ضروری ہیں اُن کے لیے نیچے دیے گئے لنکس کلک کریں۔

  - Schengen وزٹ پاکستان کے لیے سوال نامہ
  - بزنس ویزا کے لیے چیک لسٹ
  - اہل خانہ اور عزیز و اقارب پاکستان کے لیے چیک لسٹ
  - سیاحتی ویزا پاکستان کے لیے چیک لسٹ
  - EUEEA ویزا فیملی ممبرز کے لیے چیک لسٹ
  - فیملی ٹری (شجرہ نسب) کے فارم (اپنا، والدین اور سسرالیوں کا)

## 3-آن لائن رجسٹریشن اور ادائیگی

- اپنا پاسپورٹ اور دیگر دستاویزات جمع کروانے سے پہلے آپ کو "اپیلی کیشن پورٹل" میں اپنی درخواست رجسٹر کروانا ہو گی۔ اگر آپ پورٹل میں پہلی مرتبہ درخواست رجسٹر کروارہے ہیں تو ایک یوزر اکاؤنٹ بنانا ہو گا۔
- اپنی درخواست اپیلی کیشن پورٹل میں رجسٹر کروائیں: https://selfservice.udi.no/en-gb/۔
- جب رجسٹریشن ہو جائے تو آپ کو ایک ای میل کے ذریعے تصدیق موصول ہو گی جس میں ایک کور لیٹر بھی ہو گا۔ اِس لیٹر میں تصدیق کی جائے گی کہ آپ نے درخواست پُر کر کے فیس ادا کر دی ہے۔ اِس لیٹر کا پرنٹ لے کر دیگر مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ جمع کروانے جانا ہو گا۔

### درخواست کی فیس

- ویزا فیس 60 یورو ہے۔ چھ سال سے کم عمر کے بچوں کو فیس ادا نہیں کرنا پڑتی۔ چھ سال سے زائد اور بارہ سال سے کم عمر کے بچے 35 یورو ادا کریں گے۔ براہِ مہربانی ویزا فیس سے مستثنٰی دیگر گروپس کے متعلق معلومات کے لیے UDI ویب سائیٹ پر جائیں۔ یاد رکھیں کہ آپ پورٹل میں درخواست رجسٹر کرواتے وقت فیس ادا کرتے ہیں۔ ویزا فیس سے مستثنٰی درخواست گزاروں کی فیس واپس کر دی جائے گی۔

### ویزا اپیلی کیشن سنٹر میں سروس فیس

- پاکستان میں درخواستیں ایک بیرونی سروس کمپنی VFS گلوبل کے ذریعے وصول کی جاتی ہیں جو سروس فیس لیتی ہے۔ براہِ مہربانی یاد رکھیں کہ ایک اضافی کوریئر فیس بھی دینا پڑے گی۔

### ویزا اپیلی کیشن سنٹر میں مہیا کی جانے والی اختیاری سروسز

- VFS گلوبل کی جانب سے پیش کردہ دیگر اضافی سروسز اس سروس فیس میں شامل نہیں۔ براہِ مہربانی یاد رکھیں کہ یہ سروس لینا یا نہ لینا آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔ مزید معلومات کے لیے VFS گلوبل ویب سائیٹ پر جائیں۔

## 4-اپنے دستاویزات جمع کروائیں

آپ کو مندرجہ ذیل دستاویزات اپنے ساتھ لانا ہوں گے:

- اپلی کیشن پورٹل پر رجسٹریشن کی تصدیق کا پرنٹ آوٹ۔
- چیک لسٹ اور اُس میں دیے گئے دستاویزات۔
- اپنا پاسپورٹ (اس کی میعاد Schengen خطے سے اپنی متوقع روانگی کے بعد کم از کم تین ماہ تک ہونی چاہیے)۔
- تصویر (بین الاقوامی معیاروں کے مطابق)۔
- اپنی سفری ہیلتھ انشورنس پالیسی۔
- انشورنس کم از کم 30000 یورو کی ہونی چاہیے جس میں میڈیکل وجوہات کی بنا پر وطن واپس لانا، میڈیکل ایمرجنسی میں علاج اور/یا ایمرجنسی ہسپتال علاج اور موت شامل ہوں۔
- آپ کی انشورنس تمام Schengen ممالک کے لیے کارآمد ہونی چاہیے۔
- اِسے Schengen ممالک میں آپ کے تمام مطلوبہ قیام کا احاطہ کرنا چاہیے۔
- اصولاً انشورنس آپ کے اپنے ملک سے خریدی ہوئی ہونی چاہیے۔ اگر یہ ممکن نہیں تو دوسرے ملک میں بھی خریدی جاسکتی ہے۔
- اگر مزید معلومات کی ضرورت ہوئی تو ہم آپ سے رابطہ کریں گے۔ جب آپ مطلوبہ دستاویزات جمع کروادیں گے تو درخواست پر عمل شروع ہوگا۔
- آپ اپنی درخواست اور مطلوبہ دستاویزات یہاں جمع کرواسکتے ہیں:
  - تین ویزا سنٹر بنائے گئے ہیں جہاں آپ اپنی درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ آپ کو اپنی درخواست جمع کروانے کے لیے اپائنٹمنٹ لینا ہوگی۔ آپ VFS گلوبل ویب سائیٹ کے ذریعے یا VFS ہیلپ لائن (+92 (0) 518439383) پر کال کرکے اپائنٹمنٹ لے سکتے ہیں۔
- اپنی درخواست جمع کروانے کی اپائنٹمنٹ حاصل کرنے میں آپ کو 15 دن تک لگ سکتے ہیں۔

### اسلام آباد

14-بی، صادق پلازا،
G-9 مرکز، اسلام آباد۔

### لاہور

20 سابقہ امیریکن سنٹر بلڈنگ،
بالمقابل گنگارام ہسپتال،
کوئینز روڈ، لاہور۔

### کراچی

بحریہ کمپلیکس IV، چوتھی منزل،
مین چودھری خلیق الزماں روڈ،
گِزری، کلفٹن، کراچی۔

## 5- درخواست پر کارروائی کا دورانیہ

درخواستوں پر کارروائیوں میں عموماً 15 دن لگتے ہیں۔ کچھ صورتوں میں درخواست گزاروں کو ڈائریکٹوریٹ آف امیگریشن (UDI) میں بھیجا جاتا ہے اور اِس میں 30 دن تک کا عرصہ لگ سکتا ہے۔ غیر معمولی کیسز میں UDI فیصلہ کرنے میں 60 دن بھی لے سکتا ہے۔

پاکستان میں زیادہ درخواست گزاروں کو اپنی درخواست کا نتیجہ 15 دن کے اندر اندر (ابوظہبی میں سفارت خانے کو درخواست موصول ہونے کے بعد) مل جاتا ہے۔ اگر ہم آپ سے مزید دستاویزات یا معلومات مانگیں تو اِس کی وجہ سے بھی آپ کی درخواست پر کارروائی میں مزید وقت لگ سکتا ہے۔

## 6- آپ کی درخواست کا نتیجہ

- جب آپ کی درخواست پر کارروائی کر لی جائے گی توVFS سنٹر کی جانب سے آپ کو ای میل یا ٹیلی فون کے ذریعے بتایا جائے گا۔
- نتیجہ اُسی ویزا ایپلی کیشن سنٹر سے وصول کیا جا سکتا ہے جہاں درخواست جمع کروائی تھی۔
- اگر آپ کو ویزا مل گیا ہے تو آپ کے پاسپورٹ میں سٹیکر لگا ہو گا۔ براہِ مہربانی سٹیکر پر دیا گیا قیام کا دورانیہ چیک کر لیں۔ قیام کا دورانیہ بتاتا ہے کہ آپ کو Schengen خطے میں کب تک قیام کرنے کی اجازت ہے۔
- اگر آپ کی درخواست مسترد کر دی گئی ہے تو اِس کی تحریری وجہ موصول ہو گی۔ آپ فیصلے پر اپیل کر سکتے ہیں۔

## 7- پہنچنے پر

جب آپ Schengen خطے میں بارڈر پار کرتے ہیں تو آپ کے پاس مندرجہ ذیل چیزیں پیش کرنا ہوں گی:

- اپنا پاسپورٹ جس میں ویزا کا سٹیکر لگا ہوا ہو۔
- یہ ثبوت کہ قیام کے دوران اپنا خرچ اُٹھانے کے لیے خاطر خواہ آپ کے پاس رقم موجود ہے (مثلاً نقد یا کریڈٹ کارڈ)۔ اگر گارنٹی فارم ہے تو اُس کی ایک کاپی بھی اپنے ساتھ لائیں۔
- وہ دستاویزات جن سے آپ کے وزٹ کا مقصد ظاہر ہو، جیسے دعوت نامہ، ہوٹل کی ریزرویشن، وغیرہ۔
- اگر آپ سیاحت کی غرض سے یا ذاتی وجہ سے Schengen خطے میں آئے ہیں واپسی کا یا دو طرفہ ٹکٹ۔

بارڈر کنٹرول آفیسر آپ سے فنگر پرنٹس فراہم کرنے کا کہہ سکتا ہے۔ ایسی صورت میں ان کا موازنہ اپنا ویزا اپلائی کرتے وقت فراہم کردہ فنگر پرنٹس کے ساتھ کیا جائے گا۔ جب تک آپ کا ویزا کارآمد ہے، آپ Schengen خطے یا مخصوص Schengen ممالک میں آزادانہ سفر کر سکتے ہیں۔ اگر آپ Schengen خطے سے باہر جائیں (مثلاً یو کے یا Svalbard) تو اِس کے لیے ملٹی پل اینٹری ویزا ہونا چاہیے۔

# رہائشی پرمٹ

پاکستان اور افغانستان کے شہریوں کو 90 دن سے زائد عرصہ تک کام کرنے یا رہائش رکھنے کے لیے ایک رہائشی (ریذیڈنس) پرمٹ لینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اِس میں کام، سٹڈیز، au pair اور اہل خانہ کی امیگریشن شامل ہیں۔

رہائشی پرمٹ کے لیے درخواستوں پر کارروائی عموماً ڈائریکٹوریٹ آف امیگریشن (UDI) کرتا ہے۔

## 1- وزیٹر ویزا کی درخواست دینے سے پہلے

معلوم کریں کہ آپ کو کس قسم کے رہائشی پرمٹ کی ضرورت ہے، مثلاً کام، سٹڈیز، اہل خانہ کی امیگریشن یا ناروے میں بطور au pair قیام کرنے کے سلسلے میں۔ آپ کو رہائشی پرمٹ کی مختلف اقسام کے متعلق معلومات UDI کی ویب سائیٹ پر ملیں گی۔

پاکستان سے ناروے کا رہائشی پرمٹ اپلائی کرنے کے لیے ضروری ہے کہ:

- آپ پاکستان کے شہری ہوں۔
- افغانستان کے شہری ہوں اور ایک کارآمد وزیٹر ویزا یا رہائشی پرمٹ پر یہاں رہتے ہوں۔

دیگر ملکوں کی شہریت رکھنے والے درخواست گزار صرف اُس صورت میں اپلائی کر سکتے ہیں جب اُن کے پاس پاکستان کے لیے رہائشی پرمٹ ہو اور کم از کم گزشتہ چھ ماہ سے اِس کے حامل ہوں۔

پاکستان میں ویزا کے درخواست گزار اپنی درخواستیں ویزا سنٹرز کے ذریعے جمع کرواتے ہیں جو ایک بیرونی کمپنی VFS گلوبل چلاتی ہے۔ یاد رکھیں کہ آپ کو اپنی درخواست جمع کروانے کے لیے اپائنٹمنٹ لینا ہو گی۔ اپنی ویزا درخواست جمع کروانے کے لیے اپائنٹمنٹ میں 15 دن تک لگ سکتے ہیں۔

## 2- ضروری دستاویزات جمع کریں

آپ کو UDI ویب سائیٹ پر دی گئی متعلقہ چیک لسٹ میں درج تمام دستاویزات جمع کرنا ہوں گی۔ کچھ ایک دستاویزات ناروے میں آپ کا کانٹیکٹ مہیا کرے گا؛ دیگر آپ کو خود حاصل کرنا ہوں گی۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ کوئی اور شخص آپ کا نمائندہ بن کر درخواست پیش کرے تو اُسے مختار نامہ دینا ہو گا۔ براہِ مہربانی UDI ویب سائیٹ پر جا کر مزید معلومات اور متعلقہ فارم Power of Attorney حاصل کریں۔

## 3-آن لائن رجسٹریشن اور ادائیگی

- اپنا پاسپورٹ اور دیگر دستاویزات جمع کروانے سے پہلے آپ کو"اپلی کیشن پورٹل" میں اپنی درخواست رجسٹر کروانا ہو گی۔اگر آپ پورٹل میں پہلی مرتبہ درخواست رجسٹر کروا رہے ہیں تو ایک یوزر اکاؤنٹ بنانا ہو گا۔
- اپنی درخواست اپلی کیشن پورٹل میں رجسٹر کروائیں: https://selfservice.udi.no/en-gb/۔
- جب رجسٹریشن ہو جائے تو آپ کو ایک ای میل کے ذریعے تصدیق موصول ہو گی جس میں ایک کور لیٹر بھی ہو گا۔اِس لیٹر میں تصدیق کی جائے گی کہ آپ نے درخواست پُر کر کے فیس ادا کر دی ہے۔اِس لیٹر کا پرنٹ لے کر دیگر مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ جمع کروانے جانا ہو گا۔

### درخواست کی فیس

- براہِ مہربانی ویزا فیس کے متعلق معلومات کے لیے UDI ویب سائیٹ پر جائیں۔یاد رکھیں کہ آپ پورٹل میں درخواست رجسٹر کرواتے وقت فیس ادا کرتے ہیں۔

### ویزا اپلی کیشن سنٹر میں سروس فیس

- پاکستان میں درخواستیں ایک بیرونی سروس کمپنی VFS گلوبل کے ذریعے وصول کی جاتی ہیں جو 30 یورو سروس فیس لیتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے VFS گلوبل کی ویب سائیٹ دیکھیں۔

### ویزا اپلی کیشن سنٹر میں مہیا کی جانے والی اختیاری سروسز

- VFS گلوبل کی جانب سے پیش کردہ دیگر اضافی سروسز اس سروس فیس میں شامل نہیں۔براہِ مہربانی یاد رکھیں کہ یہ سروس لینا یا نہ لینا آپ کی مرضی پر منحصر ہے۔مزید معلومات کے لیے VFS گلوبل ویب سائیٹ پر جائیں۔
http://www.norwaypakistan.vfsglobal.com/Additional_Services.html

## 4-اپنے دستاویزات جمع کروائیں

- آپ کو چیک لسٹ میں دیے گئے تمام دستاویزات اپنے ساتھ لانا ہوں گے۔ چیک لسٹ کا لنک ای میل میں بھیجا جائے گا جو آپ کو اپنی درخواست اپلی کیشن پورٹل پر رجسٹر کرواتے وقت بھیجی جائے گی۔ اگر مزید معلومات درکار ہوئیں تو ہم آپ سے رابطہ کریں گے۔ تب آپ کی درخواست پروسیسنگ کے لیے UDI کو بھیجی جائے گی۔
- آپ اپنی درخواست اور مطلوبہ دستاویزات یہاں جمع کرواسکتے ہیں:
- تین ویزا سنٹر بنائے گئے ہیں جہاں آپ اپنی درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ آپ کو اپنی درخواست جمع کروانے کے لیے اپائنٹمنٹ لینا ہوگی۔ آپ VFS گلوبل ویب سائیٹ کے ذریعے یا VFS ہیلپ لائن (518439383 (0) 92+) پر کال کر کے اپائنٹمنٹ لے سکتے ہیں۔
- اپنی درخواست جمع کروانے کی اپائنٹمنٹ حاصل کرنے میں آپ کو 15 دن تک لگ سکتے ہیں۔

## 5-درخواست پر کارروائی کا دورانیہ

رہائشی پرمٹ کے لیے درخواستیں ڈائریکٹوریٹ آف امیگریشن (UDI) نمٹاتا ہے۔ آپ کو UDI کی ویب سائیٹ پر دورانیہ کے متعلق معلومات ملیں گی۔

## 6-آپ کی درخواست کا نتیجہ

- جب آپ کی درخواست پر کارروائی کرلی جائے گی تو آپ کو ای میل یا ٹیلی فون کے ذریعے بتایا جائے گا۔
- نتیجہ اُسی ویزا اپلی کیشن سنٹر سے وصول کیا جاسکتا ہے جہاں درخواست جمع کروائی تھی۔
- اگر آپ کو ویزا مل گیا ہے تو آپ کے پاسپورٹ میں سٹیکر لگا ہوگا جو ناروے کا سفر کرنے کی اجازت ہے۔ آپ سے رابطہ کرکے بتایا جائے گا کہ اپنا پاسپورٹ کب وصول کرسکتے ہیں۔ براہِ مہربانی اینٹری ویزا مل جانے تک اپنے ٹکٹ بک نہ کروائیں۔
- اگر آپ کی درخواست مسترد کردی گئی ہے تو اِس کی تحریری وجہ موصول ہوگی۔ آپ فیصلے پر اپیل کرسکتے ہیں۔

## 7- پہنچنے پر

جب آپ Schengen خطے میں بارڈر پار کرتے ہیں تو آپ کے پاس مندرجہ ذیل چیزیں پیش کرنا ہوں گی:

- اپنا پاسپورٹ جس میں ویزا کا سٹیکر لگا ہوا ہو (اگر آپ کو اینٹری ویزے کی ضرورت ہے)۔
- وہ دستاویزات جن سے آپ کے وزٹ کا مقصد ظاہر ہو۔
- ناروے پہنچنے پر آپ کو رہائشی (ریذیڈنس) کارڈ حاصل کرنے کے لیے پولیس سے اپائنٹمنٹ لینا ہوتی ہے۔ آپ کو یہ اپائنٹمنٹ پہلے سے بُک کرتے ہیں۔ عموماً یہ کام اپیلی کیشن پورٹل کے ذریعے ہوتا ہے اور اپائنٹمنٹ ناروے میں پہلے سات دن کے دوران ہوتی ہے یا پھر کوئی بھی اولین دستیاب اپائنٹمنٹ۔
- ریذیڈنس کارڈ اور اپائنٹمنٹ بُک کرنے کے متعلق مزید معلومات کے لیے ویب سائیٹ دیکھیں:

https://www.udi.no/en/word-definitions/-residence-cards/

**نوٹ:** اِس ڈاکومنٹ کی معلومات کا ماخذ پاکستان میں نارویجین سفارت خانے کی آفیشل ویب سائیٹ ہے۔